روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 12 ستمبر 2008ء 11 رمضان 1429 ہجری 12 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 210

جنگ میں بھی رحم کی ہدایت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ کا نام لے کر اس کی تائید کے ساتھ اور اللہ کے رسولؐ کے دین پر چلتے ہوئے (اس کی راہ میں) نکلو کسی بوڑھے عمر رسیدہ کو قتل نہ کرنا، کم سن بچے یا عورت کو نہ مارنا اور خیانت کرتے ہوئے مال غنیمت پر قبضہ نہ کر لینا، اصلاح اور احسان کا معاملہ کرنا، یقیناً اللہ تعالیٰ محسنوں سے محبت کرتا ہے۔

(ابوداؤد کتاب الجہاد باب فی دعاء المشرکین حدیث نمبر:2245)

صوبہ سندھ کے معروف فزیشن اور امیر ضلع میر پور خاص

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کو سپرد خاک کر دیا گیا

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اور تکلیف دہ خبر دی جا چکی ہے کہ جماعت احمدیہ کے فدائی اور دیرینہ خادم سلسلہ اور سندھ کے معروف فزیشن محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع میر پور خاص کو 8 ستمبر 2008ء کو دوپہر اڑھائی بجے ان کے ہسپتال ''فضل عمر کلینک'' ڈھولن آباد میر پور خاص میں دوشر پسندوں نے گولیاں مار کر جاں بحق کر دیا۔ آپ کو فوری طور پر طبی امداد پہنچائی گئی اور جان بچانے کی ہر ممکن انسانی کوشش کی گئی لیکن اللہ تعالیٰ کی تقدیر غالب آئی اور آپ نے موقع پر ہی اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔

آپ کی وفات کی خبر سن کر دور ونزدیک سے احباب جماعت اور غیر از جماعت بلکہ غیر مذاہب کے افراد کثیر تعداد میں آپ کی رہائش گاہ میر پور خاص پر اکٹھے ہونے شروع ہو گئے۔ احمدی احباب سے تو آپ کا ہمدردی اور پیار کا تعلق تھا ہی غیر از جماعت سے بھی بہت گہرے تعلقات اور روابط تھے۔ آپ کی وفات پر بلا تفریق ہر آنکھ اشکبار تھی۔ اپنے پرائے دیر تک آپ کی یادوں کو زندہ کرتے رہے ان کی ہمدردیوں اور عنایتوں کے قصے سناتے اور آنسو بہاتے رہے۔

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی نماز جنازہ اسی دن یعنی 8 ستمبر کو بعد نماز عشاء گیسٹ ہاؤس سیٹلائٹ ٹاؤن میر پور خاص میں مکرم محمد صدیق صاحب مربی ضلع میر پور خاص نے پڑھائی۔ رات ایک بجے میت میر پور خاص سے بذریعہ ایمبولینس کراچی روانہ ہوئی اور کراچی سے 9 ستمبر کو صبح سات بجے بذریعہ ہوائی جہاز فیصل آباد لے جائی گئی۔ اور صبح گیارہ بجے دارالضیافت پہنچی تو راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے بھائی کی میت کا اہل ربوہ نے بہت دکھی دلوں کے ساتھ استقبال کیا اور دارالضیافت کے ایک حصے میں آخری دیدار کیا۔ بعدہ مورچری (سردخانہ) فضل عمر ہسپتال میں میت کو رکھ دیا گیا۔

مورخہ 10 ستمبر 2008ء کو سہ پہر ساڑھے چار بجے میت کو مورچری سے بذریعہ ایمبولینس سرائے خدمت (گیسٹ ہاؤس صدر انجمن احمدیہ) میں لایا گیا جہاں محترم ڈاکٹر صاحب کے پاکستان اور بیرون پاکستان سے آنے والے افراد خاندان اور رشتہ داروں نے آخری دیدار کیا اور ساڑھے پانچ بجے بیت مبارک میں لے جایا گیا۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے بعد نماز عصر محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی نماز جنازہ پڑھائی

(باقی صفحہ 2 پر)

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر جماعت ضلع نوابشاہ کی تدفین کر دی گئی

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اور دکھ بھری اطلاع دی جا چکی ہے کہ محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع نوابشاہ کو مورخہ 9 ستمبر 2008ء کو افطاری سے ایک گھنٹہ قبل دکان سے گھر جاتے ہوئے بھرے بازار میں اندھا دھند فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا۔ آپ کی عمر 69 سال تھی۔ آپ افطاری کے لئے اپنی دکان سے اٹھ کر قریب ہی واقع اپنے گھر تشریف لا رہے تھے کہ راستے میں لیاقت مارکیٹ کے قریب احمدیہ بیت الذکر کے سامنے ایک موٹر سائیکل پر سوار دو افراد نے آپ پر فائرنگ کی۔ آپ کو سر، گردن اور سینے میں تین گولیاں لگیں۔ فوری طبی امداد کے لئے آپ کو نوابشاہ میڈیکل ہسپتال لے جایا گیا۔ خون ضائع ہو جانے کی وجہ سے آپ کو خون کی بوتل لگائی گئی۔ آپریشن سے چند لمحے قبل اور واقعہ کے ایک گھنٹہ بعد آپ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے۔

یہ اندوہناک خبر سن کر مرکز سلسلہ سے ایک وفد جس میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ اور مکرم مظہر اقبال صاحب ناظم وقف جدید شامل تھے، نوابشاہ بھجوایا گیا۔ مرحوم خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ نے 19 سال کی نوجوانی کی عمر میں ہی وصیت کر لی تھی۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی نماز جنازہ مورخہ 10 ستمبر 2008ء کو بعد نماز عصر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ نے احمدیہ قبرستان نوابشاہ میں پڑھائی اور تدفین بھی وہیں عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر دعا مکرم راجہ صاحب نے ہی کرائی۔ اس موقع پر کراچی اور اندرون سندھ سے 8 صد سے زائد احمدی احباب نے شرکت کی۔ 45 غیر از جماعت افراد بھی تدفین کے موقع پر احمدیہ قبرستان تشریف لائے، جس میں ایم کیو ایم کا ایک زونل وفد بھی شامل تھا، اس وفد میں زونل انچارج، دو کونسلر اور دو ناظم شامل تھے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب سلسلہ کی بے لوث خدمت کرنے والے وجود تھے۔ آغاز جوانی سے ہی آپ کو خدمت دین کی توفیق ملنی شروع ہو گئی تھی۔

آپ کو 1959ء تا 1962ء سیکرٹری اصلاح و ارشاد اور سیکرٹری تعلیم جماعت احمدیہ نوابشاہ، 1968ء تا 1971ء اور 1974ء تا 1977ء سیکرٹری اصلاح و ارشاد 1971ء تا 1974ء اور 1983ء تا 1986ء جنرل سیکرٹری جماعت نوابشاہ شہر، 1965ء تا 1968ء صدر جماعت نوابشاہ، 1992ء تا 2001ء امیر جماعت نوابشاہ شہر، 2001ء تا وفات صدر

(باقی صفحہ 2 پر)

تقویٰ کا مضمون باریک ہے۔ اس کو حاصل کرو۔ خدا کی عظمت دل میں بٹھاؤ۔ (حضرت مسیح موعودؑ)

یتیم بچے قوم کی قیمتی امانت

حضرت مصلح موعودؓ یتامیٰ کے تعلق میں فرماتے ہیں۔

''پھر اس لئے بھی وہ محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے، ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں اور نہ صرف ان کی اپنی زندگی سنور جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں کی زندگیوں کو بھی سنوارنے والے بن جاتے ہیں۔'' (تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 7)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ کے زیر کفالت ہزاروں بچے پرورش پا کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے نمایاں عہدوں پر فائز ہوئے۔ ان میں سے بعض نے یونیورسٹیز میں ٹاپ کیا۔ ان بچوں کی دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیتی نگرانی بھی کی جاتی ہے اس وقت تقریباً 2500 بچے کمیٹی کے زیر کفالت پرورش پا رہے ہیں۔ جن کی تمام ضروریات کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کفالت کرنے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

کامیابی

❁ مکرم مجید احمد مبشر صاحب بدین تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ عائشہ احمد صاحبہ نے اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ انٹرمیڈیٹ پری انجینئرنگ کے سالانہ امتحان 2008ء میں 898 نمبر حاصل کر کے حیدر آباد بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ مکرمہ عائشہ احمد صاحبہ مکرم چوہدری سعید احمد لکھن صاحب ربوہ کی پوتی اور مکرم چوہدری عبدالواحد ورک صاحب اسلام آبادکی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بیٹی کی یہ کامیابی مبارک کرے اور دین ودنیا کی مزید کامیابیاں اور برکتیں عطا فرمائے۔ آمین

(بقیہ از صفحہ 1 ڈاکٹر عبدالمنان صاحب)

میت کو چارپائی پر رکھا گیا تھا جس کے ساتھ دو لمبے بانس لگائے گئے تھے تاکہ زیادہ سے زیادہ احباب جنازہ کو کندھا دے سکیں۔ خدام ربوہ کے حفاظتی حلقے میں میت کو امانتاً تدفین کیلئے عام قبرستان لے جایا گیا۔ قبر تیار ہونے پر محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے پرسوز اور لمبی دعا کرائی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں شریک ہونے کے لئے پاکستان کے مختلف شہروں سے امراء اضلاع، عہدیداران اور احباب جماعت کثیر تعداد میں تشریف لائے۔ اسی طرح امریکہ اور جرمنی وغیرہ ممالک سے محترم ڈاکٹر صاحب کے رشتہ دار اور جماعتی وفد نماز جنازہ اور تدفین میں شامل ہوا۔

اس موقع پر 2 ہزار خدام ربوہ نے مختلف جگہوں پر ڈیوٹی انجام دی۔ وقار عمل کے ذریعہ بعض جگہوں پر راستے ہموار کئے۔ بہت بڑی تعداد میں احباب جماعت تدفین اور دعا میں شامل ہونے کیلئے قبرستان میں جمع تھے۔

محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم خدمت دین اور خدمت خلق کے میدانوں میں انتھک محنت کے عادی تھے، اس کے ساتھ ساتھ ان کے چہرے پر ہمیشہ مسکراہٹ اور بشاشت رہتی تھی۔ غریب اور نادار افراد کے لئے بے غرض، بے لوث اور تندہی سے کام کرتے۔ ان کی مالی، طبی اور ہر قسم کی امداد کرتے۔ ان کی راہ مولیٰ میں قربانی سے نہ صرف جماعت احمدیہ بلکہ خدمت خلق کے حوالے سے ایک خلا پیدا ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ خلا پُر فرمائے اور ان جیسے سینکڑوں ہزاروں افراد جماعت کو عطا فرمائے۔

آپ ایک دلیر، جرأت مند، بے لوث، ہنس مکھ طبیعت کے مالک، ہمدرد، غمخوار، بغیر لالچ کے دوسروں کے کام آنے والے، ملنسار، مہمان نواز اور خلافت کے ساتھ بے انتہا انس و محبت رکھنے والے اور خلیفۃ المسیح کے ہر اشارے پر عمل کرنے والے اور اطاعت کے اعلیٰ معیار پر فائز تھے۔ مربیان سلسلہ واقفین زندگی اور مرکزی مہمانوں کی خدمت اور مہمان نوازی اپنا فرض اولین سمجھتے تھے، اپنے ضلع کی ہر چھوٹی سے چھوٹی اور دور دراز کی جماعت کا خود دورہ کرتے اور احباب جماعت سے ذاتی تعلق اور رابطہ رکھتے۔ سندھ اور تھرپارکر کے علاقوں مٹھی، نوکوٹ، نصرت آباد اور نگر پارکر میں باقاعدگی سے میڈیکل کیمپس لگاتے اور غریبوں کا خود علاج کرتے جب بھی کسی نے آپ سے نسخہ پوچھا، آپ نے موقع پر ہی نسخہ بتا دیا۔ غیر از جماعت آپ کو سلام کرنے کے لئے راستوں میں کھڑے ہوتے اور کسی بزرگ کی طرح آپ کی عزت کرتے۔

آپ کو بطور امیر ضلع میرپور خاص، قائد مجلس خدام الاحمدیہ علاقہ حیدر آباد اور نگران مجلس خدام الاحمدیہ صوبہ سندھ جیسے وقیع عہدوں پر خدمات کا موقع ملا۔ آپ کو مجلس تحریک جدید ربوہ اور مرکزی منصوبہ بندی کمیٹی صدر انجمن احمدیہ کے رکن ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ مکرم ڈاکٹر صاحب المہدی ہسپتال مٹھی کے میڈیکل بورڈ کے صدر بھی تھے۔ آپ کی خدمات المہدی ہسپتال مٹھی کی تعمیر میں بھی قابل ذکر ہیں۔ وقف جدید کے لئے آپ نے بہت سے کام کئے۔ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن میر پور خاص کے آپ صدر رہے۔ مرحوم ڈاکٹر صاحب کو دعوت الی اللہ کا خاص شوق تھا اور مختلف وفود مرکز خود بھی لے کر آتے رہے اور اپنی نگرانی میں بھی بھجواتے رہے۔

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کے والد مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب چالیس سال تک امیر ضلع میر پور خاص اور ڈویژنل امیر حیدر آباد رہے۔ تقسیم پاکستان کے بعد جب آپ ہجرت کر کے پاکستان آئے تو آپ نے حضرت مصلح موعود کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اپنے مستقبل کے بارے میں راہنمائی کی درخواست کی۔ جس پر حضور نے فرمایا کہ آپ میر پور خاص سندھ چلے جائیں اور وہیں سیٹ ہو جائیں وہاں ہماری سٹیٹس ہیں ان کو آپ کی مدد حاصل رہے گی اور آپ کو ان کا تعاون حاصل رہے گا۔

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اپنے والدین کی شادی کے گیارہ سال بعد مارچ 1962ء میں پیدا ہوئے۔ اور اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔ آپ نے سندھ میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی اور 1988ء میں ہاؤس جاب مکمل کر کے مزید تعلیم کیلئے امریکہ چلے گئے۔ وہاں سے آپ نے تھامس جیفرسن (Thomas Jefferson) یونیورسٹی فلاڈیلفیا سے 1990ء تک الٹرا ساؤنڈ ٹریننگ حاصل کی۔ 1991ء تا 1995ء انٹرنل میڈیسن میں پوسٹ گریجوایشن کی تعلیم مکمل کی اور 1998ء میں امریکن بورڈ آف انٹرنل میڈیسن کا سرٹیفیکیٹ حاصل کیا۔

تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے وہاں ہی ملازمت کا پروگرام بنایا۔ آپ کے والد گرامی کو جب پتہ چلا تو انہوں نے ان کو لکھا کہ میں نے آپ کو اس علاقہ کی خدمت کیلئے میڈیکل میں اعلیٰ تعلیم دلوائی ہے اور حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر ہم یہاں بیٹھے ہیں، ہم نے یہاں ہی خدمت کرنی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ سلسلہ جاری رہے، اپنے والد صاحب کی اس نصیحت اور خواہش کو پورا کرنے کیلئے آپ امریکہ سے فوراً میر پور خاص تشریف لے آئے اور خدمات کا سلسلہ شروع کیا اور اپنے والد کا خواب پورا کر دکھایا۔

اپریل 1998ء میں اپنے والد کی وفات کے بعد ہسپتال کو سنبھالا۔ انہوں نے اس ہسپتال کو ایک چھوٹے سے کلینک سے ترقی دے کر مکمل ہسپتال بنایا، جس میں اب ہر قسم کی طبی سہولتیں اور آپریشنز کا انتظام موجود ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے میں اللہ تعالیٰ کا فضل، ان کے والدین کی متضرعانہ دعائیں اور ان کی شبانہ روز کی محنت کا دخل ہے۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود آپ کے نانا تھے۔ آپ کی والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ تہجد گزار، دعائیں کرنے والی اور قلب سلیم رکھنے والی شفیق اور مہربان خاتون ہیں۔ آپ نے تقریباً 37 سال تک بطور صدر لجنہ اماء اللہ میر پور خاص کے فرائض انجام دیئے اور لجنہ کی ممبرات کا تعلیمی اور تربیتی لحاظ سے بہت خیال رکھا۔ اب اگرچہ آپ اپنی صحت کی کمزوری اور بزرگی کی وجہ سے کام نہیں کر سکتیں لیکن اپنی نیم شبی دعاؤں اور نیک مشوروں سے ان کی مدد کرتی ہیں۔ دینی علوم سیکھنے اور لجنہ کے مختلف کاموں میں مستورات آپ سے مستفید ہوتی رہتی ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم کی شادی اپنی ماموں زاد محترمہ امۃ الشافی صاحبہ بنت مکرم کریم احمد نعیم صاحب سے 1988ء میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دو بچے عزیزہ امۃ الحی صدیقی اور عزیزم اسامہ صدیقی کی نعمت سے نوازا۔ محترمہ امۃ الشافی صاحبہ لجنہ اماء اللہ میر پور خاص کی صدر ہیں ان کے والد مکرم کریم احمد نعیم صاحب کا بچپن حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ کھیلتے ہوئے گزرا۔

اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اپنے قرب سے نوازے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

(بقیہ از صفحہ 1 سیٹھ محمد یوسف صاحب)

جماعت نوابشاہ شہر، 27 جنوری 1992ء کو نائب امیر ضلع نوابشاہ اور 4 دسمبر 1993ء تا وفات امیر جماعت ضلع نوابشاہ کے وقیع عہدوں پر خدمات کی توفیق ملی۔ آپ ہی کے دور صدارت میں محمود ہال نوابشاہ بنا۔ جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عطا فرمایا۔ آپ کی امارت کا سب سے اہم واقعہ ایوان طاہر جیسے عظیم الشان ہال کی تعمیر ہے جو آپ نے مسلسل محنت اور ذاتی نگرانی میں بنوایا۔ آپ اپنی تمام عمر جماعتی خدمات میں کوشاں رہے اور دل کے مریض ہونے کے باوجود بے انتہا محنت کے عادی تھے۔

آپ عمدہ اخلاق اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے، آپ کی مہمان نوازی پورے ضلع میں مشہور تھی۔ ہر مہمان کو خود ملتے اور ان کی خبر گیری کرتے۔ جب کبھی کوئی مہمان ان کی دکان واقع چکرا بازار نوابشاہ پر آتا تو اپنے سب کام چھوڑ کر اس کی مہمان نوازی اور مسائل حل کرنے کی طرف متوجہ ہو جاتے۔ نوابشاہ کے غیر از جماعت ان کی ادب سے بات سنتے اور ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ آپ بہت ملنسار، خدمت خلق کرنے والے، غرباء کا خیال کرنے والے، اپنے پرائے کا درد رکھنے والے اور ہر دلعزیز انسان تھے۔ ہر شخص کو سلام کرنا عزت و احترام سے پیش آنا ان کا وطیرہ تھا۔ آپ نے کبھی کسی کی دل شکنی نہیں کی۔ واقفین زندگی کا خاص احترام اور ان کی تمام ضروریات کا خیال رکھتے تھے اور بچوں سے بے انتہا شفقت سے پیش آنا ان کا معمول تھا۔ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی راہ مولیٰ میں قربانی کی خبر سن کر بہت غمزدہ تھے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کی سندھ میں بہت خدمات تھیں پورے سندھ کے لئے ان کا وجود بہت مفید تھا۔

جماعتی خدمات کے دوران محترم سیٹھ صاحب کا مرکز سلسلہ سے بہت پختہ رابطہ رہتا تھا، ہر معاملے میں متعلقہ شعبہ سے راہنمائی حاصل کرتے، رپورٹ کارگزاری بروقت اور تفصیلی ارسال کرتے، مرکز سے موصول ہونے والے خطوط کا بروقت جواب دیتے، دھیمے مزاج اور سادہ طبیعت ہونے کی وجہ سے ہر فرد جماعت سے ایک پختہ تعلق قائم ہو گیا تھا۔ ہر معاملے کو فراست اور حکمت سے حل کرتے اور ہر تکلیف کو اپنے اوپر لیتے تھے۔

مکرم سیٹھ صاحب کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ مکرمہ نذیراں بیگم صاحبہ ہیں ان کے والد کا نام محترم ماسٹر جان محمد صاحب ہے، وہ قادیان کے رہنے والے تھے، قیام پاکستان کے بعد (چوہڑ کانہ) فاروق آباد ضلع شیخوپورہ میں آباد ہو گئے۔ 1974ء میں ان کا کاروبار لوٹ لیا گیا تھا۔ 1977ء میں ان کی وفات ہوگئی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہیں۔

مکرم سیٹھ صاحب کے چار بیٹے اور ایک بیٹی ہیں سب سے بڑے بیٹے مکرم عبدالسلام صاحب بعمر 44 سال 2005ء میں وفات پا گئے تھے۔ مکرم محمد ادریس صاحب بعمر 42 سال نوابشاہ میں ہی کاروبار کرتے ہیں۔ مکرم ڈاکٹر خالد یوسف صاحب بعمر 40 سال نوابشاہ میں کلینک کرتے ہیں۔ سب سے چھوٹے بیٹے مکرم آصف داؤد صاحب بعمر 38 سال وکالت کرتے ہیں۔ ان کی اکلوتی بیٹی مکرمہ ثمینہ احسان صاحبہ اہلیہ مکرم احسان اللہ قمر صاحب واہ کینٹ ضلع راولپنڈی میں ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کے درجات بلند کرے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

وقف عارضی میں شمولیت

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث وقف عارضی میں شمولیت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

”ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو۔“

(روزنامہ الفضل 27/اگست 1969ء)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

8

جرمن مہمانوں کے ساتھ ایک پروگرام میں حضور انور ایدہ اللہ کا پُرمعارف خطاب

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

23/اگست 2008ء

(بقیہ مصروفیات)

جرمن مہمانوں کے ساتھ ایک پروگرام میں شرکت

ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جرمن مہمانوں کے ساتھ ایک پروگرام میں شرکت کے لئے مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے۔ اس پروگرام میں جرمنی کے مختلف شہروں سے آنے والے غیراز جماعت اور غیر مذاہب کے مہمانوں کے علاوہ بلغاریہ، رومانیہ، ہنگری، مالٹا، اسٹونیا، میسیڈونیا، البانیا، آئس لینڈ، پولینڈ، آسٹریا، چیک ریپبلک اور سلووینیا سے آنے والے وفود بھی شامل تھے۔ مجموعی حاضری سات صد کے قریب تھی۔

سوال و جواب کی صورت میں یہ پروگرام کچھ وقت پہلے سے جاری تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ کی آمد پر اس پروگرام کا آخری سیشن تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا جو جرمن احمدی مکرم سعید گیسلر صاحب نے پیش کی۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مہمانوں سے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔

حضور انور کا خطاب

تشہد و تعوذ کے بعد حضور انور نے فرمایا۔

امیر صاحب جرمنی کی طرف سے مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ لوگ ایک گھنٹے سے زیادہ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ لوگ تھک گئے ہوں گے۔ لیکن جو مضمون مجھے دیا گیا ہے۔ وہ ایسا ہے کہ میں باوجود کوشش کے مزید اختصار سے کام نہیں لے سکتا اور اس مضمون کو بیان کرنے میں مجھے کم ازکم تیس پینتیس منٹ لگیں گے۔

حضور انور نے فرمایا ایسی تقریبات ماضی میں بھی منعقد کی جاتی رہی ہیں لیکن مجھے ان میں خطاب کا موقع نہیں ملا۔ بہرحال امیر صاحب نے کہا ہے کہ میں جہاد کے بارے میں کچھ کہوں۔ کیونکہ یہ مضمون آجکل دنیا کی توجہ کھینچ رہا ہے۔

حضرت مسیح موعود کی جہاد کے بارے میں تعلیم جس کو آپ نے سو سال پہلے پیش کیا وہ کیا ہے؟ یہ جاننا ضروری ہے کہ یہ تعلیم آج سے ایک صدی پہلے کی ہے اور کوئی اس بات کا الزام نہیں لگا سکتا کہ یہ آجکل کی مخالفت سے گھبرا کر یہ تعلیم بنائی گئی ہے۔

حضور انور نے فرمایا اس مضمون کو سمجھنے کے لئے ہمیں اس عرب ماحول میں جانا پڑے گا جو آنحضرت ﷺ کے زمانے کا تھا جب آپ ﷺ نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلایا۔ یہ لوگ ان پڑھ اور جاہل تھے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر سالوں تک لڑائیاں کی جاتی تھیں۔ آنحضرت ﷺ نے جب دعویٰ کیا اور عربوں کو ایک خدا کی طرف بلایا۔ تب کچھ صاحب عقل لوگوں جن میں آپ کے کچھ رشتہ دار بھی تھے اور کچھ غریب لوگوں نے اسلام قبول کیا۔ جب ان اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد بڑھی تو مخالفین کا ظلم و ستم بڑھنا شروع ہو گیا۔ مسلمانوں کو عرب کی گرم ریت پر لٹایا جاتا، ان پر گرم بھاری پتھر رکھے جاتے۔ ان کو کوڑے مارے جاتے، ان کو مخالف سمتوں میں اونٹوں سے باندھ کر چیر دیا جاتا۔ آنحضرت ﷺ اور آپؐ کے ساتھیوں کو ایک وادی میں قید کر دیا گیا۔ آپؐ کا بائیکاٹ کیا گیا۔ کھانا اور پانی بند کر دیا گیا۔ آپؐ کے ساتھیوں نے کہا کہ جب ہم نے مرنا ہی ہے تو ہم کفار سے لڑائی کیوں نہ کریں۔ مگر آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجھے صبر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لڑنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ یہ صبر کسی خوف اور کمزوری کی وجہ سے نہیں تھا جیسا کہ بعد میں تاریخ نے ثابت کیا کہ چند سو لوگوں نے ہزاروں کی فوج کو شکست دی۔ یہ صبر اس وجہ سے تھا کہ اللہ کا حکم نہیں تھا کہ لڑائی کرو۔ پھر آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ کمزور مسلمان مختلف علاقوں کی طرف ہجرت کر جائیں۔ بعدازاں آپؐ بھی مدینہ کی طرف ہجرت کر گئے۔ اس وقت تک مدینہ کے بعض لوگ مسلمان ہو گئے تھے۔ آپ کی آمد پر ایک بڑا گروہ مسلمان ہو گیا۔

آنحضرت ﷺ نے وہاں کے مختلف لوگوں اور قبائل سے معاہدہ کیا۔ ان میں یہود بھی تھے۔ اس معاہدے کے مطابق ایک حکومت وجود میں آئی جس میں تمام لوگوں کو آزادی حاصل تھی اگر کسی کو اپنے کسی جرم کی سزا ملتی تھی تو وہ اس کے مذہب کی تعلیم کے مطابق ملتی تھی۔ حکومت کی نظر میں سارے لوگ برابر تھے۔

ایک موقع پر ایک یہودی قبیلہ نے جب معاہدہ کی خلاف ورزی کی تو اسے مدینہ سے نکالا گیا۔ اس موقع پر مسلمانوں کے ایک گروہ نے جنہوں نے اپنے بچے یہودیوں کو پرورش کے لئے دیئے ہوئے تھے اور وہ یہودی مذہب کے تھے، اپنے ان بچوں کو روکنے کی کوشش کی مگر آنحضرت ﷺ نے اس بات سے روک دیا اور فرمایا کہ دین میں جبر نہیں اس لئے تم ایسا نہیں کر سکتے۔ یہ بچے یہودی ہی رہیں گے۔ اس حد تک آپ نے لوگوں اور دوسرے مذاہب کے حقوق کی پاسداری کی۔ باوجود اس کے آپؐ پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ آپؐ نے جبر کو پھیلایا۔ حالانکہ مسلمانوں کو اس وقت جبر اور ظلم کا نشانہ بنایا جاتا تھا۔

حضور انور نے فرمایا کیوں مسلمانوں پر جبر کا الزام لگایا جاتا ہے؟ اسلام کی پہلی جنگ جنگ بدر کہلاتی ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی حالت یہ تھی کہ ان کے پاس کوئی وسائل یا جنگ کا سامان نہیں تھا۔ ان کے خلاف ایک مسلح فوج تھی۔ یہ بات کسی سے چھپی ہوئی نہیں اور تاریخ میں درج ہے۔ ان مسلمانوں میں سے بعض بچے تھے۔ لیکن جب دشمنوں نے اسلام کو کلیۃً ختم کرنا چاہا تو اللہ نے مسلمانوں کو لڑائی کی اجازت دی۔ تاریخ کے مطابق لڑائی کے بارہ میں اللہ کا پہلا حکم قرآن کریم میں یوں درج ہے۔ میں آپ کو اس آیت کی حکمت کی طرف غور کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان لوگوں کو لڑائی کی اجازت دی جاتی ہے جن کے خلاف جنگ کا آغاز کیا گیا ہے۔ کیونکہ ان پر ظلم کئے گئے اور یقیناً اللہ ان کی مدد پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ یعنی وہ لوگ جنہیں ان کے گھروں سے ناحق نکالا گیا محض اس بنا پر کہ وہ کہتے تھے کہ اللہ ہمارا رب ہے اور اگر اللہ کی طرف سے لوگوں کا دفاع ان میں سے بعض کو بعض دوسروں سے بھڑا کر نہ کیا جاتا تو راہب خانے منہدم کر دیئے جاتے اور گرجے بھی اور یہود کے معابد بھی اور مساجد بھی جن میں بکثرت اللہ کا نام لیا جاتا ہے اور یقیناً اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتا ہے۔ یقیناً اللہ بہت طاقتور اور کامل غلبہ والا ہے۔ (الحج:41,40)

حضور انور نے فرمایا یہاں اس آیت میں بیان کیا گیا ہے کہ اگر اللہ دفاع کرنے کی اجازت نہ دے تو معاشرے کا امن تباہ ہو جائے گا۔ آجکل بھی ایک عقلمند انسان اس بات کی گواہی دے گا کہ یہی بات صحیح ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ اگر کسی پر حملہ کیا گیا ہے تو اسے دفاع کی اجازت ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر ظلم کے نتیجہ میں، لوگوں کو اپنے وطنوں سے نکل کر دوسرے علاقوں کی طرف ہجرت کرنی پڑے اور پھر دوسرے علاقے جہاں ان کی عملداری ہے وہاں بھی مخالف ظلم و ستم سے باز نہ آئیں تو پھر یہ بالکل درست ہوگا کہ وہ اس ظلم کا بدلہ لیں جو ان پر کیا جا رہا ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ مخالف صرف اسی بات پر ہی بس نہ کریں بلکہ دوسرے علاقوں کو فتح کرنے لئے بھی حملے کریں اور دوسرے لوگوں کی جان و مال پر حملہ کریں۔ پس یہ ضروری ہے کہ ایسے حملوں کو روکا جائے اور اس ظلم کو ختم کیا جائے یہ جنگ معاشرے کا امن قائم کرنے کے لئے ہوگی۔

پھر اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے ''اور اللہ کی راہ میں ان سے قتال کرو جو تم سے قتال کرتے ہیں اور زیادتی نہ کرو۔ یقیناً اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا''۔ (البقرہ:191)

پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

''اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو، یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو''۔ (المائدہ:9)

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اگر تم سچے ایمان لانے والے ہو تو اللہ کے احکام کی بجا آوری کرو، عدل پر قائم رہو۔ عدل کے کیا معیار ہیں سب سے پہلے یہ کہ دوسروں کے لئے نمونہ بنو۔ پس صرف اچھے اعمال ہی لوگوں کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔ اسی طرح اس آیت میں دشمنوں سے اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا میں نے ابھی اسلام کی ابتدائی تاریخ سے مسلمانوں کی دوسرے علاقوں میں ہجرت کرنے کے بارے میں بتایا ہے۔ اس پس منظر میں جب ہم اس آیت پر غور کرتے ہیں تو پتہ لگتا ہے کہ اللہ یہ حکم دے رہا ہے کہ دوسرے لوگوں کی دشمنی تمہیں ان کے ساتھ زیادتی پر مجبور نہ کر دے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اسلامی تعلیمات عدل قائم کرنے کے لئے ہیں۔ اگر جنگیں ہوں تو وہ بھی قانون کے مطابق ہوں۔ مثلاً حکم ہے کہ اپنے قیدیوں سے اچھا سلوک کرو۔ اگر دشمن ہتھیار رکھ دے تو جنگ سے رک جاؤ۔ اس کے برعکس آجکل بھی اگر دو حکومتیں امن کے لئے بات چیت کر رہی ہوں تو پھر بھی آخری وقت میں ایسے زور سے حملہ کیا جاتا ہے کہ کمزور ملک طاقتور کی شرائط کے مطابق معاہدہ کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ اگر دوسرا گروہ امن کی بات کرے صلح کے لئے جھک جائے تو تم بھی اس پر راضی ہو جاؤ اور اللہ ہی پر اپنا بھروسہ رکھو۔ (الانفال:62)

پس تعلیم یہ ہے کہ اگر دشمن امن کی بات کرے تو تم بھی ایسا ہی کرو اور جنگ بند کر دو تمہیں مزید فوج کشی کی اجازت نہیں ہے۔

چنانچہ حدیبیہ کے معاہدے کے وقت جب مسلمانوں کی مخالفت کے باوجود آنحضرت ﷺ نے یہ معاہدہ کیا اور بعدازاں اس پر قائم رہے۔ فتح مکہ کفار

کے معاہدہ توڑنے کی وجہ سے عمل میں آئی۔ باوجود فتح حاصل کرنے کے مسلمانوں نے کفار پر تلوار نہیں اٹھائی اور اپنے شدید دشمنوں کو بھی معاف کر دیا۔ یہ ساری باتیں تاریخ میں محفوظ ہیں۔

ہمارے نزدیک تو وہ تمام انبیاء جن کا کسی بھی مذہبی کتاب میں ذکر ہے سچے انبیاء ہیں۔ پس کوئی احمدی جو حضرت مسیح موعود پر یقین رکھتا ہے کسی نبی کے بارے میں کوئی دلآزار کلمہ منہ سے نہیں نکال سکتا۔ ہمیں قرآن کریم میں بتایا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ کی نظر میں تمام انبیاء برابر ہیں۔ نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے تمام قوموں میں انبیا کو بھیجا ہے اس لئے ہم کسی بھی نبی پر بغیر کسی ہچکچاہٹ کے ایمان لاتے ہیں جو کسی قوم کی طرف بھی بھیجا گیا ہو۔ جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہو۔ یہی وہ طریق ہے جس کے ذریعہ دنیا کا امن قائم کیا جاسکتا ہے۔ ہر مذہب کے ماننے والوں کے جذبات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

حضور انور نے فرمایا میں پہلے اس بات کی وضاحت کر چکا ہوں کہ وہ کیا حالات تھے جن کے پس منظر میں جہاد کی اجازت دی گئی۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا موجودہ زمانے میں جنگ کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ اگر نہیں تو پھر جہاد کی کیا اہمیت رہ جاتی ہے۔ نیز احمدیوں کے نزدیک جہاد کا کیا مطلب ہے۔ مگر اس سے پہلے یہ بتادوں کہ گزشتہ صدیوں کی اکثر جنگیں یا سیاسی تھیں یا علاقائی تھیں اور شاذ کے طور پر ہی مذہبی وجوہات کی بنا پر شروع کی گئی تھیں اس کے علاوہ گزشتہ صدی میں دو عظیم جنگیں ہوئیں جن میں مسلمانوں کا کوئی بھی رول (Roll) نہیں تھا اور ان جنگوں کے پیچھے صرف سیاسی مقاصد تھے۔

حضور انور نے فرمایا ہمارے نزدیک موجودہ زمانے کا جہاد انسان کی اپنی تربیت اور روحانی ترقی ہے۔ یہ کوئی نئی تعلیم نہیں بلکہ اس بارے میں آنحضرت ﷺ نے ہمیں آج سے چودہ سو سال قبل ایک جنگ سے واپس آتے ہوئے بتایا۔ آپ نے فرمایا کہ ہم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف واپس آرہے ہیں جو نفس کو سنوارنے کا جہاد ہے اور ہمیشہ جاری وساری رہتا ہے۔ جنگیں ہمیشہ جاری نہیں رہتیں۔ اصل جہاد برائی کو ختم کرنا ہے۔ انسان کی خدمت کرنا اصل جہاد ہے۔ احمدیت کی 120 سالہ تاریخ اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ ہم اس جہاد میں مشغول ہیں اور انسانیت کو اس کے خالق کے نزدیک لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہمارے سکول اور ہسپتال اور دنیا کے غریب علاقوں میں ہمارے پانی پہنچانے کے منصوبے جاری ہیں۔ ہم قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں کے لوگوں کی مدد کر رہے ہیں۔ اس میں ہیومینیٹی فرسٹ جرمنی نے بھی بہت کام کیا ہے۔ مختلف علاقوں میں پانی کے کنویں جاری کرنا اور بجلی فراہم کرنا، یتامیٰ کی مدد کرنے کا کام کیا ہے۔ بجلی مہیا کر رہے ہیں۔

حضرت مسیح موعود اس طرف ہماری توجہ مبذول کرواتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"اور میں اس وقت اپنی جماعت کو جو مجھے مسیح موعود مانتی ہے خاص طور پر سمجھاتا ہوں کہ وہ ہمیشہ ان ناپاک عادتوں سے پرہیز کریں۔ مجھے خدا نے جو مسیح موعود کر کے بھیجا ہے۔ اس لئے میں نصیحت کرتا ہوں کہ شر سے پرہیز کرو اور نوع انسان کے ساتھ حق ہمدردی بجالاؤ۔ اپنے دلوں کو بغضوں اور کینوں سے پاک کرو کہ اس عادت سے تم فرشتوں کی طرح ہو جاؤ گے۔...... خدا کے لئے سب پر رحم کرو تا آسمان سے تم پر رحم ہو۔ دیکھو میں ایک حکم لے کر آپ لوگوں کے پاس آیا ہوں وہ یہ ہے کہ اب سے تلوار کے جہاد کا خاتمہ ہے مگر اپنے نفسوں کے پاک کرنے کا جہاد باقی ہے اور یہ بات میں نے اپنی طرف سے نہیں کہی بلکہ خدا کا یہی ارادہ ہے۔...... سو میں حکم دیتا ہوں کہ جو میری فوج میں داخل ہیں وہ ان خیالات کے مقام سے پیچھے ہٹ جائیں۔ دلوں کو پاک کریں اور اپنے انسانی رحم کو ترقی دیں اور دردمندوں کے ہمدرد بنیں۔ زمین پر صلح پھیلا دیں کہ اس سے ان کا دین پھیلے گا"۔

حضور انور نے فرمایا اگر ہم اس قسم کے جہاد میں مصروف رہیں گے اس روحانی سسٹم میں ہم ایک Chain (لڑی) میں پروئے ہوئے ہیں جس کی باگ ڈور خلافت مسیح موعود کے ہاتھ میں ہے۔ خلافت سے محبت ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ہم اس تعلیم پر عمل پیرا ہوں جو مسیح موعود نے پیش کی ہے وہ تعلیم یہ ہے کہ ہم خدا تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے حقوق ادا کریں۔ نفرت کی دیواریں گرا دیں اور محبت وشفقت کی خوشبو کو دنیا میں پھیلائیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ سب لوگ جو میرے سامنے ہیں۔ میں نے آپ کے سامنے دین کی حقیقی تعلیم کو رکھ دیا ہے۔ اب آپ جو تعلیم یافتہ ہیں۔ آپ خود یہ فیصلہ کرلیں کہ کیا دین دہشت گردی سکھاتا ہے یا امن اور سیکیورٹی۔ حضور انور نے فرمایا یہ منصفانہ بات نہیں کہ کسی مذہب کو کسی گروپ یا بعض انفرادی لوگوں کے غلط عمل کی وجہ سے Condemn (رد) کر دیا جائے۔

میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنے حلقوں میں انصاف کی آواز اٹھائیں۔ آخر پر حضور انور نے فرمایا کہ میں آپ سب کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے میری تقریر کو سنا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب سوا پانچ بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب نے اس کا جرمن زبان میں ترجمہ پیش کیا۔

پانچ بجکر پچپن منٹ پر یہ تقریب ختم ہوئی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر سب مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب

رمضان المبارک میں خدمت خلق کے بعض خصوصی پروگرام

درخت لگانا ایک صدقہ جاریہ ہے اور بلاشبہ ایک قومی سرمایہ ہے۔ موسم برسات میں امید ہے اکثر احباب کو شجرکاری کی طرف توجہ ہوگی اور وہ اس ضمن میں عملی کام کی توفیق بھی پا رہے ہوں گے۔ تاہم جن مقامات پر ابھی زیادہ منظم کام شروع نہیں ہو سکا وہاں اس طرف خصوصی توجہ دلانے کی ضرورت ہے کہ احباب جماعت اپنے گھروں اور ماحول کا جائزہ لیں اور جس حد تک ممکن ہے۔ اسے سرسبز وشاداب اور خوبصورت بنانے کی کوشش فرمائیں۔ اسی طرح خاص طور پر اپنے علاقہ کی بیوت الذکر اور جماعتی عمارات کی صفائی اور سجاوٹ کا بھی اجتماعی پروگرام بنائیں۔

ہمارے پیارے امام خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ارشاد ہے۔

"دنیا میں ہر جگہ جہاں بھی جماعتی عمارات ہیں ان کے اردگرد خاص طور پر صفائی اور سبزہ اس طرح نظر آئے کہ ان کی اپنی انفرادیت نظر آتی ہو۔........ اور اس میں سب سے اہم عمارات (بیوت الذکر) ہیں۔ (بیوت الذکر) کے ماحول کو بھی پھولوں، کیاریوں اور سبزے سے خوبصورت رکھنا چاہئے۔ خوبصورت بنانا چاہئے اور اس کے ساتھ ہی بیوت الذکر کے اندر کی صفائی کا بھی خاص اہتمام ہونا چاہئے"۔

اس غرض کے لئے عہدیداران اجتماعی وقار عمل کے جو پروگرام ترتیب دیں۔ اصل پروگرام سے کافی پہلے اس کی اچھی تیاری، ضروری ساز وسامان اور پودوں کی فراہمی اور اطلاعات اور یاد دہانی وغیرہ کے بارے میں اچھی طرح اطمینان کر لینا مفید ہوگا۔ وقار عمل کے ایسے پروگراموں میں ہم سب کو بڑھ چڑھ کر شرکت کرنی چاہئے۔

رمضان المبارک میں روحانی بیداری کے ساتھ ساتھ ایسی ظاہری تیاریاں کر کے بھی ہم اس بابرکت مہینے کا استقبال احسن رنگ میں کر سکتے ہیں۔

خلافت جوبلی کے تاریخی سال میں رمضان کے مبارک مہینہ میں نیکی اور خیرات کی ایک مہم چلانے کی بھی ضرورت ہے۔

ہمارے پیارے آقا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس مہینے میں عبادات کے ساتھ ساتھ جس کثرت سے صدقات اور خیرات وغیرہ دیا کرتے تھے۔ اس کی مثال ایک تند وتیز ہوا سے دی جاسکتی ہے۔ آپ کا یہ عمل اس بات کی علامت ہے کہ آپ دیگر نیکیوں کے ساتھ اس مہینے کو غریبوں کی خدمت کا مہینہ بھی سمجھتے تھے۔

چنانچہ ہماری کوشش ہونی چاہئے کہ رمضان المبارک میں بنی نوع انسان کی بے لوث خدمت کے منظم پروگرام ہر سطح پر تشکیل دیئے جائیں۔

محتاجوں کو کھانا کھلانے کی اہمیت بیان کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

"ہمارے خدا نے ایک حکم دیا ہے۔ ہمارے پیارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی ہے کہ محتاجوں کو کھانا کھلاؤ اور ہم نے اس تاکیدی ارشاد پر عمل کرنا ہے جیسا کہ میں نے کہا ہے۔ احمدیوں میں عام طور پر یہ احساس پایا جاتا ہے کہ کوئی احمدی بھوکا نہ رہے۔ لیکن میرا احساس یہ ہے کہ ابھی اس حکم پر کما حقہ عمل نہیں ہو رہا۔ اس لئے آج میں ہر ایک کو جو ہماری کسی جماعت کا عہدیدار ہے متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ذمہ وار ہے اس بات کا کہ اس کے علاقہ میں کوئی احمدی بھوکا نہیں سوتا۔ دیکھو میں یہ کہہ کر اپنے فرض سے سبکدوش ہوتا ہوں کہ آپ کو خدا کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے گا.......... یہ ایک بڑی اہم ذمہ واری ہے۔ آپ کا فرض ہے کہ آپ اس کو ہر وقت سوچتے رہیں کیونکہ یہ ایک بات ہے جس پر عمل کرنے سے بڑے خوشکن نتائج پیدا ہو سکتے ہیں"۔

اس حکم پر عمل کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ مستحق افراد کو تلاش کر کے انہیں روزہ رکھوانے کا منظم پروگرام بنائیں۔ سحری یا افطاری بھجوا کر یا ہفتے عشرے کا اکٹھا راشن مہیا کر کے بھی یہ خدمت سرانجام دی جا سکتی ہے۔

مریضوں کی بیمار پرسی کے سلسلے میں ہمیں اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ ارشاد یاد رکھنا چاہئے۔

"مریضوں کی عیادت کرنا بھی خدا تعالیٰ کے قرب کو پانے کا ہی ایک ذریعہ ہے۔ ہمیں خدمت خلق کے جو ان کے شعبے ہیں لجنہ کے، خدام کے، انصار کے، ایسے پروگرام بنائیں کہ مریضوں کی عیادت کیا کریں۔ ہسپتالوں میں جایا کریں اپنوں اور غیروں سب کی عیادت کرنی چاہئے۔ اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہ بھی ایک سنت کے مطابق ہے اور ہمیشہ اس کوشش میں رہنا چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے قرب پانے کے ذریعے ہم اختیار کریں"۔

دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کے بارے میں آپ فرماتے ہیں:

"اصل نیکی یہ ہے کہ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھیں اور صرف اپنے حقوق پر زور نہ دیں۔ کیونکہ بڑی نیکی یہی ہے کہ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھا جائے

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم محمد طارق محمود صاحب

روزہ عبادتوں کا دروازہ ہے

فرض اور نفل روزوں کی مختلف اقسام کا تعارف

روزہ پانچ بنیادی دینی ارکان میں سے ایک اہم رکن ہے۔ روزے کا تصور اور عمل تقریباً تمام مذاہب میں پایا جاتا ہے۔ اسے عربی میں صوم کہا جاتا ہے۔

لفظ صوم ہر قسم کے روزے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ خواہ وہ فرض ہو۔ یا طوعی یا نفلی۔

روزوں کے بارہ میں قرآن کریم میں بھی ذکر آتا ہے اور احادیث میں بھی مختلف قسم کے روزوں کا تذکرہ ملتا ہے۔ مثلاً قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ مومنوں کو خطاب کرتے ہوئے فرماتا ہے:۔

مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔ جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے اور یہ کہ روزوں کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا۔ جو لوگوں کا راہنما ہے اور جس میں ہدایت کی کھلی نشانیاں موجود ہیں اور جو حق اور باطل کو الگ الگ کرنے والا ہے۔ تو جو کوئی تم میں سے اس ماہ میں موجود ہو چاہئے کہ پورے مہینہ کے روزے رکھے۔ لیکن جو کوئی بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں رکھ کر ان کا شمار پورا کرے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''نماز تزکیہ نفس کرتی ہے اور روزے سے تجلی قلب ہوتی ہے۔ تزکیہ نفس سے مراد یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بعد حاصل ہو جائے اور تجلی قلب سے مکاشفات ہوتے ہیں۔ جیسے مومن خدا کو دیکھ لیتا ہے اور کلام بھی کرتا ہے۔''

روزوں کی اقسام

جو روزے شریعت سے ثابت ہیں ان کی چار قسمیں ہیں۔

اول۔ فرضی۔ جیسا کہ خود خداتعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں مومنوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ

اے مومنو تم پر بھی روزے اس طرح فرض کئے گئے ہیں۔ جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔

دوم نفلی۔ جیسے رسول پاک ﷺ ہر ماہ کی 14,13 اور 15 تاریخ کو روزہ رکھتے تھے۔ شوال کے چھ روزے۔ 10 محرم کا روزہ۔ 9 ذوالحجہ کا روزہ۔ پیر اور جمعرات کا روزہ۔ عرفہ کے دن کا روزہ۔ ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا جنہیں صوم داؤدی بھی کہا جاتا ہے۔ نفلی روزے رکھنے سے ثواب ملتا ہے۔ خداتعالیٰ کا قرب اور تقویٰ نصیب ہوتا ہے۔ اصلاح نفس بھی ہوتی ہے۔ نفلی روزے نہ رکھنے سے کوئی گناہ نہیں۔

سوم۔ نذر کے روزے۔ یہ ایسے روزے ہیں کہ جو نہ خدا نے فرض کئے اور نہ ہی آنحضرت ﷺ کی سنت سے ثابت ہیں بلکہ انسان خود اپنے ذمہ مقرر کرتا ہے تاکہ اس کا تزکیہ ہو یا کسی شرط پر کہ فلاں کام اگر میرا خدا کردے گا تو میں اتنے روزے رکھوں گا۔

چہارم۔ کفارہ کے روزے۔ یہ وہ روزے ہیں کہ جو کسی حکم شریعت کے توڑنے کی وجہ سے یا کسی فرض کی عدم ادائیگی کی وجہ سے مومن کو رکھنے پڑتے ہیں تاکہ اس گناہ کا کفارہ ہو۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص قسم کھا کر توڑے اور دس مسکینوں کا کھانا اور کپڑے یا ایک غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو تین دن کے روزے رکھے۔

جو رمضان کا روزہ جان بوجھ کر توڑے یا کسی مومن کو غلطی سے قتل کرے اور خون بہا ادا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ اگر کوئی ظہار کرے اور غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ تو وہ شخص جزیہ کے طور پر لگاتار ساٹھ روزے رکھے۔

جو شخص حج اور عمرہ دونوں کرے اور قربانی نہ پائے تو وہ تین دن کے روزے مکہ معظمہ میں رکھے اور سات جب وہ اپنے گھر میں واپس آئے اس وقت رکھے۔

حج کے دوران اگر کسی تکلیف کی وجہ سے احرام کی حالت میں سر منڈوائے تو تین دن کے روزے رکھے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ رمضان کے بعد افضل روزے اللہ کے مہینہ محرم کے ہیں۔ (مسلم)

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ شعبان سے زیادہ کسی مہینہ کے روزے نہیں رکھتے تھے۔ (بخاری)

صوم داؤدی

حضرت مجیبہ باھلیہ اپنے باپ یا اپنے چچا سے روایت کرتی ہیں کہ ان کا باپ یا چچا رسول اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا پھر چلا گیا اور ایک سال کے بعد واپس لوٹا اور اس کی حالت کیفیت بدل چکی تھی اس نے عرض کیا یارسول اللہ کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟

آپ نے فرمایا تو کون ہے اس نے جواب دیا میں باھلی ہوں۔ ایک سال پہلے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا تجھ میں اتنی تبدیلی کیسے آ گئی۔ حالانکہ تم اچھی شکل وشباہت والے تھے۔ اس نے عرض کیا جب سے میں آپ کے پاس سے گیا ہوں میں نے صرف رات کو کھانا کھایا ہے۔ (اس پر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو نے اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا رکھا۔ پھر آپ نے فرمایا صبر کے مہینہ کے روزے رکھو اور ہر ماہ سے ایک دن کا روزہ رکھو۔ اس نے عرض کیا اور اضافہ فرمائیں مجھ میں قوت ہے۔ آپ نے فرمایا دو دن کے روزے رکھو۔ اس نے کہا اور اضافہ فرمائیں۔ آپ نے فرمایا تین دن کے روزے رکھو اس نے عرض کیا اور اضافہ فرمائیں۔ آپ نے فرمایا:۔

حرمت والے مہینوں میں روزے رکھو اور چھوڑ بھی دیا کرو۔ دوبارہ آپ نے یہی فرمایا حرمت والے مہینوں میں روزے رکھو اور چھوڑ بھی دیا کرو ......

مطلب یہ کہ تین دن روزے رکھو اور تین دن افطار کرو یعنی صوم داؤدی اختیار کرو۔

(ابوداؤد۔ باب بیان فصل الصوم الحرم وشعبان والشہر الحرم)

ذی الحجہ کے پہلے عشرہ میں روزوں کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان دنوں یعنی ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں سے زیادہ کوئی دوسرے دن نہیں جن میں نیک اعمال اللہ کے ہاں زیادہ محبوب ہوں۔

عرفہ، عاشورہ اور محرم کی نویں تاریخ کو روزہ رکھنے کی فضیلت

حضرت ابوقتادہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے عرفہ کے دن روزے کے بارہ میں سوال ہوا۔ آپ نے فرمایا سال گزشتہ اور آئندہ کے گناہوں کا کفارہ بنتا ہے۔ (مسلم)

بخاری کی ایک روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

شوال کے 6 روزے

حضرت ابوایوبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رمضان کے روزے رکھے پھر ان کے پیچھے شوال کے چھ روزے رکھے تو اس نے گویا زمانہ بھر کے روزے رکھے۔ (مسلم)

سوموار اور جمعرات کے روزے

حضرت ابوہریرہؓ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا سوموار اور جمعرات کے دن اعمال پیش کئے جاتے ہیں پس میں چاہتا ہوں کہ جب میرے اعمال پیش کئے جائیں تو میں روزے سے ہوں۔ (ترمذی)

بچپن میں چندہ کی عادت

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

''میں ابھی بچہ ہی تھا جب تحریک جدید کا اعلان ہوا۔ لیکن حضرت خلیفہ ثانی کے خطبے نے جوش اور قربانی کا جو طوفان جماعت کے دلوں میں پیدا کیا وہ اتنا شدید تھا کہ اسے میری عمر کے بچے بھی محسوس کر رہے تھے اور جسے وہ کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ میں اس خطبے کے موقع پر (بیت الذکر) میں موجود تھا۔ ہم سب پر ایک محویت کی کیفیت طاری تھی۔ عجیب ربودگی کا عالم تھا جس کا نظارہ اب تک میرے ذہن پر نقش ہے۔ یہ کیفیت خطبے کے بعد بھی قائم رہی۔ جدھر جاؤ ہر طرف خطبے ہی کی باتیں ہو رہی تھیں۔ وارفتگی کی ایک عجیب لذت تھی ایک عجیب نشہ تھا۔ ایک دھن تھی۔ ہر شخص چاہتا تھا کہ وہ اپنی زندگی اور اپنے اوقات خدمت (دین) کے لئے وقف کر دے۔

مجھے خوب یاد ہے کہ میری والدہ محترمہ نے مجھے اور میری بہنوں کو بلایا اور فرمایا کہ تم اپنے اپنے جیب خرچ میں سے تحریک جدید کا چندہ ادا کیا کرو۔ ہم نے وعدہ کیا کہ ہم پانچ یا دس روپے فی کس چندہ ادا کیا کریں گے۔ اگرچہ میرے لئے تو یہ بات ہرگز ممکن نہ تھی کہ میں یہ چندہ ادا کر سکتا۔ میرا سال بھر کا جیب خرچ پانچ روپے سالانہ سے بھی کم تھا۔ ان دنوں مجھے ایک آنہ ہفتہ وار جیب خرچ ملا کرتا تھا، آج کل کے حساب سے یہ ایک پاؤنڈ کا 1/640 حصہ بنتا ہے۔ خاص خاص مواقع پر کبھی کبھی ہمیں ایک سالم روپیہ بھی بطور تحفے کے مل جایا کرتا تھا۔ یہ اور بات ہے کہ جیب خرچ دیتے وقت یہ روپیہ بھی محسوب کر لیا جاتا تھا۔

والدہ محترمہ نے خود ہی ہمیں اس مشکل سے نکال بھی لیا یعنی آپ نے ہمارا جیب خرچ بڑھا دیا تاکہ ہم وعدے کے مطابق پانچ یا دس روپے کی رقم تحریک جدید کے چندے کے طور پر ادا کر سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ والدہ محترمہ نے جو عظیم احسانات ہم پر کئے ان میں سے ایک احسان یہ بھی ہے کہ انہوں نے ہمیں اپنے پاس سے کچھ دینے کے عمل اور اس کی لذت سے روشناس کرا دیا اور قربانی کے اس عمل میں شرکت کا موقع بہم پہنچایا۔ بچپن کے اس تجربے ہی کی برکت تھی کہ ہمارے اندر قربانی اور ایثار کا جذبہ پیدا ہو گیا اور ذرا بڑے ہوئے تو ہمارے اندر ایثار اور قربانی کی یہ صلاحیت پروان چڑھ چکی تھی اور ہم انشراح صدر اور دلی خوشی کے ساتھ قربانی کے لئے اپنے آپ کو آمادہ پاتے تھے''۔ (ایک مرد خدا ص 52)

ہر ماہ تین روزے

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر ماہ میں تین روزے رکھنا زمانہ بھر روزے رکھنا ہے یعنی پورے سال کے روزوں کا ثواب ملے گا۔ (بخاری مسلم)

مکرم ملک منیر احمد صاحب قائد عمومی

مجلس انصاراللہ جاپان کا دعوت الی اللہ کا پروگرام

خلافت جوبلی دعوت الی اللہ کا پروگرام منعقدہ 13 جولائی 2008ء بمقام ہلٹن ہوٹل ناگویا خلافت جوبلی کے نہایت بابرکت سال کے دوران عالمگیر جماعت احمدیہ کو اپنے پیارے آقا کی زیر ہدایت و قیادت احمدیت کے زندگی بخش پیغام کو دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے لئے نئے عزم و جوش اور ولولے کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق مل رہی ہے۔

اس سلسلہ میں مجلس انصاراللہ جاپان کو ٹوکیو کے بعد اب 13 جولائی 2008ء بمقام ہلٹن ہوٹل ناگویا میں بھی ایک کامیاب دعوت الی اللہ پروگرام خداتعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ Peace Seminar کے نام سے منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

جس میں اعلیٰ طبقہ کے 113 جاپانی مہمان شامل ہوئے۔ جن میں ممبرز آف پارلیمنٹ، ڈاکٹرز، پروفیسرز، مذہبی لیڈرز، کمپنیوں کے پریذیڈنٹ و ڈائریکٹرز شامل تھے۔ کسی بھی جماعتی تقریب میں اتنی بڑی تعداد میں اعلیٰ طبقہ کے جاپانی مہمانوں کی شمولیت کا یہ پہلا موقعہ تھا اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کا نشان تھا۔

